کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد چھاؤنی

نوٹس نیلامی کینٹین

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنے زیر نگرانی سکول اینڈ کالج کی کینٹین کو تین سال کے عرصہ کے لیے ماہانہ کرایہ پر دینے کے لیے کھلی نیلامی منعقد کر رہا ہے۔ نیلامی مؤرخہ 2021/07/30 دن گیارہ بجے دفتر کینٹ بورڈ نزد CMH میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے بولی منسوخ ہو گئی تو دوبارہ بولی بتاریخ 2021/07/31 بوقت بارہ بجے نیلامی/بولی مؤرخہ 2021/08/02 کو ہوگی۔

تفصیل	مدت ٹھیکہ	زرضمانت
کینٹین/ ٹک شاپ واقع کینٹ بورڈ سکول اینڈ کالج	تین سال	مبلغ-/50,000 روپے بشکل کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ایبٹ آباد کینٹ

شرائط نیلامی

1۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

2۔ خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل مذکورہ بالا زرضمانت بصورت کال ڈیپازٹ/ بینک ڈرافٹ دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی، جو پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والوں کے علاوہ بولی کے اختتام پر باقی سب کو واپس کر دیئے جائیں گے۔ نیز بولی میں حصہ لینے سے قبل تمام بولی دہندگان کو اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔

3۔ کینٹین کے صرف ماہانہ کرایہ کی بولی ہوگی اور کرایہ کی سرکاری بولی مبلغ-/40,000 روپے ماہوار سے شروع ہوگی۔ کرایہ داری کی مدت تین سال ہوگی جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ تین سال کی مدت ختم ہونے کے بعد کرایہ داری کی مدت میں مزید توسیع نہ ہوگی اور کرایہ دار خالی کینٹین کا قبضہ کینٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا پابند ہو گا۔ کرایہ دار کینٹین کی Renovation پر کیے گئے خرچ کا کینٹونمنٹ بورڈ سے کلیم نہ کرے گا اور کینٹین خالی کرنے کے بعد تمام Fitting / Fixture کینٹونمنٹ بورڈ کی ملکیت رہے گا۔ دوران کرایہ داری، معاہدہ کرایہ داری کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں بورڈ معاہدہ کرایہ داری ختم کر کے کینٹین کا قبضہ واپس لے سکتا ہے۔

4۔ ماہانہ کرایہ کی رقم پر ہر سال 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر مبلغ 2 لاکھ روپے سیکیورٹی (قابل واپسی) جمع کروائے گا جو کرایہ داری کی مدت کی کامیاب تکمیل کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار تین ماہ کا ایڈوانس کرایہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ کینٹین کا قبضہ لینے سے قبل تین ماہ کا ایڈوانس کرایہ جمع کروانا لازمی ہوگا۔

7۔ کرایہ دار کینٹین کے حقوق کرایہ داری کسی بھی دوسرے شخص کو منتقل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اگر کرایہ دار کسی موقع پر کینٹین کے حقوق کرایہ داری جاری نہ رکھنا چاہے گا تو ایک ماہ ایڈوانس نوٹس دیکر قبضہ کینٹین حوالہ کینٹونمنٹ بورڈ کر سکتا ہے۔ اسی طرح کینٹونمنٹ بورڈ بھی ایک ماہ کا ایڈوانس نوٹس دے کر کینٹین خالی کروا سکتا ہے۔

8۔ کرایہ دار کینٹین میں خود کاروبار کرنے کا پابند ہوگا۔ ذیلی کرایہ پر دینے یا کینٹین میں پارٹنر شپ کرنے کی کینٹونمنٹ بورڈ سے تحریری اجازت لینا ہوگی۔

9۔ کرایہ دار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے کرایہ داری کا تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ کرایہ دار بجلی، پانی، سیوریج، سوئی گیس، ٹیلی فون وغیرہ کی تنصیب کے اخراجات اور ان کے ماہانہ بلوں کی ادائیگی خود کرے گا۔

11۔ غیر معیاری اشیاء خورد و نوش ہونے کی صورت میں کینٹونمنٹ بورڈ کینٹین کا ٹھیکہ منسوخ کر سکتا ہے۔ مزید کرایہ دار کینٹین میں صفائی کا خاص خیال رکھنے کا پابند ہوگا۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ کینٹین میں سکول کتابیں، سٹیشنری اور یونیفارم مناسب قیمت پر اور بروقت دینے کا پابند ہوگا۔

13۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد/ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔

14۔ انکم ٹیکس کا اطلاق حکومت کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا۔

15۔ زیر تخطی/ مجاز اتھارٹی کو پیپرا قوانین کے تحت بولی کو منظور/ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

16۔ دیگر شرائط و ضوابط یا نیلامی سے متعلق کسی بھی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ نیز اس اشتہار کی کاپی پیپرا کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اشتہار

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
ایبٹ آباد چھاؤنی

Scanned with CamScanner